میوزیکل پکچرز کا شاندار شاہکار

•

میوزک نوشاد

ڈائریکٹر کاردار

جادو

قیمت ۱ر

نلنی جیونت

سریش

شاہنواز

شیام کمار

یوگیندر پال گلاٹی بکسیلر نخاس بازار سہارنپور

بیوپاریوں سے خاص رعایت

گانے

دونوں:۔ لے لو لے لو دو پھول جانی لے لو
لے لو لے لو دو پھول جانی لے لو
چکوری:۔ لیکر پھول نئے البیلے آئی ہوں میں البیلی
یہ ہے گلاب اور یہ بیلا اور چنبیلی ۔
دونوں:۔ لے لو لے لو یہ رت کی رانی ہے لو لے لو
سندری:۔ لے کر پھول مرادوں والے آئی ہوں پاس تمہارے
پیار کا ان میں رنگ بھرا ہے بھول نہ جانا پیارے
دونوں:۔ لے لو لے لو آج نشانی لے لو لے لو
چکوری:۔ او بابو میری کلیاں ہیں خوشبودار
بنا لو دل کر کے گلہار ملے بیچوں دو پیسے میں چار
سندری:۔ او بابو آج ہم سے کرو اقرار
ہمارا نقد نہیں بیوپار تمہیں یہ مال ملیگا ادھار
دونوں:۔ لے لو لے لو رنگین جوانی لے لو لے لو
چندا:۔ پھول ہے تو ہے دونوں کے اچھے اچھے پیارے پیارے
چکوری:۔ اجی میری لے لو لے لو ۔ چندا:۔ نہ نہ نہ
سندری:۔ اجی میرے دیکھو ۔ چندا:۔ ہوں ہوں ہوں ۔
پہلے دیکھیں تو مول کرو ۔ مول کسی سے لے لو ۔

چکوری:۔ میرے۔ چنڈا:۔ چھوڑو کس کے دو۔

سندری:۔ دس کے۔ اجی تم ہی فیصلہ کرلو

چکوری:۔ میرے پھولوں پیارے پیارے پیلے پیلے چنڈا۔ ویری گوڈ۔

سندری:۔ میری لال چکوری:۔ یہ ہے کشمیر کے

چنڈا۔ اچھا جی:۔ سندری:۔ یہ ہے لال باغ کے۔

چنڈا:۔ واہ۔ چکوری:۔ بڑی آئی پھولوں والی۔

سندری:۔ چپ چپ ری منہ کی کالی۔ اری کیا کرتی ہو۔ مارونگی ایک لافہ

اری بن جائے گی لفافہ۔ اری کیوں لڑتی ہو۔ تیرا بھیجا پھوڑ دوں گی۔

تیری ناک توڑ دوں گی۔ پولیس پولیس پولیس

سب:۔ ہائے جی ٹھنڈی سڑک ہے ٹھنڈی سڑک۔

اکڑ اکڑ کے چلو نہ بابو ٹھنڈی سڑک

ان راہوں پہ اکڑو کمزور بڑے کٹ جاتے ہیں۔

دل ان سے جٹ جاتا ہے وہ دل سے جٹ جاتے ہیں۔

ہائے یہیں ہے دل گیا پھڑک ٹھنڈی سڑک۔

اکڑ اکڑ کے چلو نہ بابو ٹھنڈی سڑک

الفت میں جانے کی باتیں تم نے کوئی پر ملنے سے

تم تو پوچھو کیا ہوتا ہے نظروں کے ٹکرانے سے

ہائے آگ لگی بس گئی بھڑک ٹھنڈی سڑک

اکڑ اکڑ کے چلو نہ بابو ۔۔ ۔۔ ۔۔

ہے ٹھنڈی سڑک ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔

نمبر ۳: گن گن تارے میں ہار گئی رات کو
ہائے میرے سیاں نہ آئے ملن کو

برہا کی رات میں نے رو کے بِتائی
سنتا ہے کون لگے دل کی دہائی
چندا بھی چپ چپ تھے سن کے میری بات کو
گن گن تارے میں ہا۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

آ جا پردیسی پیا دن پھر اپنے
نینوں میں آن بسے تیرے ہی سپنے
نگی ملو رہ رہ کے آدھی آدھی رات کو۔
گن گن تارے میں ہار گئی رات کو۔ ۔

گانا نمبر ۴

جب نین ملے نینوں سے اور دل پہ رہے نہ قابو
تبھی جان گیا پیار کا جادو لارا لو
لارا لو لارا لو

دل ہائے کسی کے دل سے ملتا ہے بڑی مشکل سے
ہے جن کو محبت پیاری وہ سن لے بات ہماری لارا لو۔
جب ہوک اٹھے دل دھڑکے اور آنکھ سے ٹپکے آنسو۔
تو سمجھو چل گیا پیار کا جادو لارا لو۔ ۔ ۔ ۔

کیا چیز ہے وہ الفت بھی۔ تلوار ہے امرت بھی
سن سن ری دنیا دیوانی الفت کی ہے یہ نشانی لارا لو

جب ساون کے دن آئے تڑپائے کوئل کی کوکو کو
تو سمجھو چل گیا پیار کا جادو۔ لالا لو۔ لالا لو۔ لالا لو۔

گانا نمبر ۵

سب :۔ ایک۔ دو۔ تین۔ چار
سندر :۔ مارے اکھیاں
سب :۔ گڑ بگ گڑ بگ گڑ دم
سندر :۔ ایک روپے کے لاکھ پجاری گورے کالے پتلے بھاری
کسی کو کیا معلوم لڑکی ہے کس بالم سے انکھ ہماری
ایک۔ اجی ہم سے
سندر :۔ نہیں نہیں نہیں۔ اجی ان سے لمبی ناک ہے جنکی
آنکھوں پہ چشمہ سوار ہے دوسرا :۔ کیا ہم سے ؟
سندر۔ نہیں نہیں نہیں اجی ان سے سو کھے گال ہیں جنکے
تیسرا :۔ اجی گوری ہم سے
سندر :۔ ارے چھی چھی چھی۔ میں کیا جانوں رام
سب :۔ چک چک چک
سندری :۔ چھیل چھبیلا ہے بانکا بالم
بنی ہوں میں جس کی دیوانی
جیا ہی جانے بھید جیا کا کس کو سناؤں پیار کی بانی
ایک :۔ اجی ہمکو۔
سندر :۔ نہیں نہیں نہیں ،

اجی ان کو بھنگی آنکھ ہے جن کی مدھ بھریوں پر چھائی بہار ہے
ایک :۔ اجی ہم سے نینوں میں خمار سی ہے جن کی ۔

دوسرا :۔ کون وہ سپیا اے ہم ۔۔
سندری :۔ ارے جا جا روپ کی دشمن بنی دنیا
مارے موہے اکھیاں ۔۔
میں کیا جانوں رام ۔ کسی کے تو بھی سن کی بتیاں
موہے اکھیاں ۔

شام بس دیکھ لیا انجام
نہ پوچھا ہوا جو حال میرا ایک تیرے نظر کے دھوکے سے
جیسے کوئی جلتا ہوا دیپ بجھ بس ایک ہوا کے جھونکے سے
دل دے کے ہمیں کچھ بھی نہ ملا بیقرار ہوئے ۔
بدنام بس دیکھ لیا انجام

گانا نمبر ۴

اُلجھ گیا جیا مورا نینوں کے جال میں
بڑی بھولی تھی آ گئی میں بالم کی چال میں ہا
میں نے تو لاکھ چاہا دل نہ لگاؤں ۔
نظروں کی مار بھلا کیسے بھلاؤں
میں پڑ گئی ہائے رام کیسے جنجال میں اُلجھ گیا جیا ۔۔۔
جیتی ہوں من میں پیا بسائے
دھڑکے ہے دل مورا نندیا نہ آئے ۔

تو بس گیا دمیرے خیال میں ۔ اُلجھ گیا جیا ۔ ۔ ۔

نمبر۷:- نادان محبت والے کے ارمان بدلتے ہیں ۔

یہ رنگ بدلتی دنیا میں انسان بدلتے رہتے ہیں ۔

ابھی ہے خوشی جب دل میں وہیں غم کا بسیرا بھی ہے ہوتا ۔

گھر ایک سا ہی رہتا ہے لیکن مہمان بدلتے رہتے ہیں

بس یہی کہہ کے گزارے دن ہم نے رو کر بھی گزر ہی جائیں گے ۔

جینا ہے دنیا پر جینے کے سامان بدلتے رہتے ہیں ۔

نمبر۸:- تو پیار کی ہو گئی جیت بلم ہم تیرے ہو گئے

ہم تجھ سے لگا کر پریت کی دنیا میں کھو گئے

نینوں نے تیرے ساجن من کو لبھا کے چھوڑا ۔

دل پہ کیا وہ جادو کہ اپنا بنا کے چھوڑا ۔

میرے دل میں خوشی کا رنگ ہونٹوں پہ خوشی کے گیت

تو پیار کی جیت ۔ ۔ ۔

ارمان بھرے دل سے دنیا پہ چھائی جوانی

تیری قسم آ ساجن رُت ہے بڑی سہانی

رہیں مل کے سدا ہم تم یوں ہی جائے عمریا بیت

تو پیار کی ہو گئی جیت ۔

نمبر۹:- پیار کے ساگر سے نکلے موتی کے بدلے ریت

اب پچھتائے گیا ہوت جب چڑیاں چگ گئیں کھیت

اک جھوٹ ہے جس کا دنیا نے رکھا ہے قسمت نام

دھوکا ہے جسے کہتے ہیں وفا بس دیکھ لیا انجام
پانی سی نظر پتھر سا جگر۔ بیدرد تجھے پہچان گئے
ہم پیار کی نگری میں آکر دستور یہاں کے جان گئے
ملتی ہے خوشی بس بھر کے لئے رونے کے لئے ہے صبح ......

ہمدرد پرنٹنگ پریس سہارنپور